© rasailojaraid.com



بھی اس فن کو بہت ترقی دی تھی۔ بہر حال مسلمانوں میں گوریلا طریقۂ جنگ کے آغاز و ارتقاء کے بارے میں بہتر، تفصیلی اور ماہرانہ رائے تو وہی لوگ دے سکیں گے جو اس فن سے متعلق ہیں ۔ یہ بھی ایک خاصا دلچسپ موضوع ہے، اگر ہمارے جامعین سیف و قلم میں سے کوئی صاحب اس میدان میں بھی طبع آزمائی کریں تو یقیناً بہت اہم اور مفید کام ہوگا۔

ہم مصنف کو اس کتاب کی تصنیف اور ناشرین کو اس کی اشاعت پر ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔ یہ کہنا غالباً تحصیل حاصل ہوگا کہ اس کتاب کو خاص طور پر ہماری حربی تربیت گاھوں میں زیر تربیت نوجوانوں کی ذھنی اور فکری تربیت اور ماضی سے ان کا رشتہ استوار و مضبوط رکھنے کے لئے استعمال کیا جائے۔

(محمود احمد غازی)

— — — —

**لغات القرآن (پہلا پارہ)**

مؤلفہ : جناب عزیز احمد صاحب

حجم : ۱۱۷ صفحات

قیمت آٹھ روپے پچاس پیسے

ملنے کا پتہ : مسلم اکادمی، ۱۸ - ۲۹ محمد نگر ۔ لاھور

قرآن مجید کی آیات کے اردو میں معانی اور مختصر تشریح بہ ترتیب آیات قرآنی یعنی مصحف قرآن مجید میں ترتیب تلاوت کے بموجب جو لفظ جہاں پر آتا ہے، اسی ترتیب کے ساتھ اس لغات میں بھی درج کیا گیا ہے ۔ آسان اور سادہ سی زبان اختیار کی گئی ہے ۔ اس سے فائدہ اٹھانے کے لئے نہ مادہ نکالنے کی ضرورت ہے اور نہ اس میں حروف تہجی کی ترتیب کے بموجب اندراجات ہیں ۔ قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے ہر شخص اس سے استفادہ کر سکتا ہے ۔ اور ہمیں امید ہے کہ یہ لغت بھی قرآن مجید کے اور لغات کی طرح انشاءاللہ مفید

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ثابت ہوگا۔ اللہ تعالیٰ فاضل مولف کو جزائے خیر دے۔ اچھا اور مفید کام کیا ہے۔

البتہ یہ سوال بار بار ذہن میں آتا ہے کہ یہ حصہ جو شائع کیا گیا ہے وہ تو صرف پہلے پارہ کا لغت ہے۔ تو کیا ایسے تیس حصوں میں یہ تالیف ختم ہوگی۔ کب تک مکمل ہوسکے گی۔ اور جملہ اجزاء کی مجموعی قیمت کیا ہوگی۔؟

(عبدالقدوس ہاشمی)

© rasailojaraid.com